ilmkidunya

علم کی دنیا

# Urdu - FSC Part 1 Urdu Chapter 4 Short Questions Online Test

Q1. یوسفی صاحب کی شیو کی پیالی کہاں سے برامد ہوئی تھی.

**Ans 1:** یوسفی صاحب کی شیو کی پیالی مرغی کے دڑبے سے برآمد ہوئی تھی.

---

Q2. کبوتر، گدھ اور سانپ دوستی اور باہمی تعاون پر کیوں امادہ ہوئے.

**Ans 1:** جنگل میں آنے والےخطرات اور مشکلات سے نپٹنے کے لیے وہ دوستی اور تعاون پر آمادہ ہوئے.

---

Q3. ابن انشا کو کون سے ندیدہ جزیرے میں جا نکلنے کا خدشہ تھا.

**Ans 1:** وہ جزیرہ جہاں سند باد نکلا تھا

---

Q4. مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑکیا ہے.

**Ans 1:** مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر نہ آئیں وہاں ہونے کا ثبوت دیتی ہیں.

---

Q5. معاشرے کی بقا کے لیے امداد باہمی کی کیا اہمیت ہےٍ.

**Ans 1:** ایک دوسرے کی مدد اور تعاون کے بغیر زندگی نہیں گزاری جاسکتی ہےمعاشرے کی بقا کا انحصار امداد باہمی پر ہے.

---

Q6. سبق "کیا دنیا گول ہے" کس داستانوی کرداروں کے نام آئے ہیں.

**Ans 1:** سند بار، حاتم طائی، شہزادی مہر افروز ، میز شامی کے نام ائے ہیں.

---

Q7. اگر گھوڑے کی آواز بھی مرغ کے تناسب سے بنائی گئی ہوئی تو جنگوں میں کس چیز کی ضرورت پیش نہ آتی.

**Ans 1:** بقول مصنف اگر گھوڑے کی آواز بھی مرغ کے تناسب سے بنائی گئی ہوئی ہو تو تاریخی جنگوں میں توپ چلانے کی ضرورت پیش نہ آتی

---

Q8. انڈے کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے.

**Ans 1:** یوسفی صاحب کے بقول انڈے کی سب سے بڑی خوبی یہ کہ پھوہڑ سے پھوہڑ عورت کسی طرح سے پکائے مزے دار پکے گا.

---

Q9. بزرگوں کے خیال میں مرغ آزان کیوں دیتا ہے.

**Ans 1:** بزرگوں کے خیال میں مرغ کی آزان دراصل عبادت ہے

---

Q10. مرغیوں کی پسندیدہ خوراک کیا ہے.

**Ans 1:** دانہ دنکا، کیڑےمکوڑے، اور کنکر پتھر مرغیوں کے پسندیدہ خوراک ہے

---